© rasailojaraid.com

کس طرح اداکیا اوراس کے بالمقابل اقلیت میں کس قسم کے اوصاف وکمالات موجود ہونے ضروری ہیں اگر اقلیت میں وہ اوصاف موجود ہیں تو قانونِ فطرت کے مطابق وہ کبھی عزت وعظمت سے محروم نہیں ہوسکتے، اس لحاظ سے کسی قوم یا فرقہ کا اقلیت میں ہونا اُن کے لئے زحمت نہیں بلکہ رحمت وبرکت کا سبب ہوتا ہے۔ مسلمانوں کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیئے

حضرت عمرو بن العاص و حضرت عائشہ صدیقہ } از جناب مولوی اسلام اللہ صدیقی جونپوری تقطیع خورد ضخامت ۱۵۲ صفحات۔ قیمت دوروپیہ پچیس پیسے (۲) ضخامت ۸۲ صفحات قیمت ۸۰ نئے پیسے۔ پتہ مکتبہ اسلامی ادب للّہ پورہ (فاطمان) بنارس۔

حضرت عمرو بن العاص مشہور جلیل القدر صحابی ہیں۔ غیر معمولی شجاعت کے ساتھ فرزانگی اور تدبر وسیاست میں اپنے ساتھیوں میں ممتاز تھے۔ مصر کی عظیم الشان فتح اور اُس کے حسن نظم ونسق یہ سب آپ کی ہی سیاست وخلق کا ایک کرشمہ تھا۔ پہلی کتاب میں آپ کے ہی حالات وسوانح۔ فضائل ومناقب اور کارنامے بیان کئے گئے ہیں۔

دوسری کتاب حضرت عائشہ صدیقہ کے حالات وسوانح میں ہے۔ حضرت صدیقہ، تاریخ اسلام میں جس مرتبۂ بلند کی مالک ہیں کوئی مسلمان اُس کا منکر نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ اُردو میں مولانا سید سلیمان ندوی کی کتاب "سیرتِ عائشہ" پہلے سے موجود تھی اور وہ بڑی تحقیقی اور پُراز معلومات بھی ہے۔ لیکن عام اُردو خوانوں کے لئے یہ کتاب بھی مفید ہوگی۔ واقعات صحیح ہیں اور زبان وبیان سلیس وشگفتہ اور دلچسپ ہے۔

اپنی ضرورت کی کتابیں حسب ذیل پتہ سے طلب فرمائیں

مکتبۂ بُرہان، اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

© rasailojaraid.com